जाल

جال

जाल

जाल

اداکاران
مالا سنہا
وشواجیت

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو پبلیشرز دریبہ کلاں دھلی

گانا نمبر ۱

جال نظم کے گانے

اکیلا ہوں میں ہمسفر ڈھونڈتا ہوں
محبت کی میں رہ گزر ڈھونڈتا ہوں
کسی کو میں شام و سحر ڈھونڈتا ہوں

یہ مہکی ہوئی رات کتنی حسین ہے
مگر میرے پہلو میں کوئی نہیں ہے
محبت بھری اک نظر ڈھونڈتا ہوں
اکیلا ہوں میں ——

میرے دل میں آجا نگاہوں میں آجا
محبت کی رنگین راہوں میں آجا
تجھی کو میں اے بے خبر ڈھونڈتا ہوں
اکیلا ہوں میں ——

کدھر جاؤں ویران ہیں میری راہیں
کسی کو نہ بھاسکی میری آہیں
میں آہوں میں اپنی اثر ڈھونڈتا ہوں
اکیلا ہوں میں ——

تجھے یاد کرکے کوئی آنکھ روئے
کوئی میری خاطر نہ راتوں کو سوئے

محبت کی ہیں رہ گزر —
کسی کو میری نے کسی نے پکارا
میں طوفاں میں ہوں کوئی دیدے سہارا
کبھی نا خدا کی نظر —

گانا نمبر ۲:- دھڑکا ہے دل میں پیار تمہارا ابھی ابھی
چمکا ہے آرزو کا ستارہ ابھی ابھی
محبت کی نگاہیں کرم کیسی چیز ہے
وہ اک پل نوجوان ہے ہمکو عزیز ہے
جو ہم نے اُن کے گھر میں گزارا ابھی ابھی
چمکا ہے آرزو کا —
دھڑکا ہے دل —
آئے ہیں ہم شراب محبت پیئے ہوئے
آنکھوں میں اک خمار کی دنیا لئے ہوئے
دل مانگتا ہے اُن کا سہارا ابھی ابھی
چمکا ہے آرزو کا —
دھڑکا ہے دل —

گانا نمبر ۳:- رو کتا ہے اگر روک لیجئے مگر
چاند چھپنے سے پہلے چلی جاؤں گی
دور ہے میرا گھر مجھکو دنیا کا ڈر
چاند چھپنے سے پہلے —
چاند نکلا میری چاندنی کھو گئی

ہر طرف حسن کی روشنی کھو گئی
آپ چاند ہیں اگر چاند کو دیکھ کر
چاند چھپنے سے پہلے ـــــ
روکیئے اگر ـــــ

آپ شامل ہیں یوں میری آواز میں
جیسے نغمے ہوں دو ایک ساز میں
یہ غزل چھیڑ کر عشق کے ساز پر
چاند چھپنے سے پہلے ـــــ

بہکی بہکی لگا ہوں نہیں ہوش میں
پیار شرمائے آنکھوں کی آغوش میں
میں کے شانے پہ سر رکھ تو دوں گی مگر
چاند چھپنے سے ... روکیئے ...

گانا نمبر ۲: مزاج گرامی ـ دعا ہے آپ کی
بڑی خوبصورت ادا ہے آپ کی
بڑی خوبصورت نگاہ ہے آپ کی
کھویا کھویا سا کچھ گم سم
میں آج کل رہتا ہوں ہر محفل میں،
کوئی دوا ... تو نہ دو
کہ درد رہتا ہے ذرا سا دل میں
یہ درد دل تو
دعا ہے آپ کی

مرضی ہے آپ کی
جو آج میرا دل یوں ہی دھڑک رہا ہے
کیا ہو گیا ہے اس ہوا کو
جو ایسا میری زلفوں کو بکھرا رہی ہے
مگر یہ کیا عاشق ہوا ہے آپ کی

آئے نہ نیند تو نیند محبت میں
تو رات سہانی کوئی کیسے گزارے
سوتا ہے چین سے زمانا
گزارتا ہوں میں رات
گن گن کے تارے
خطا ہے یہ کس کی
خطا ہے آپ کی

گانا نمبر ۵:۔ دل دے دے دل لے لے
غم دے گی جان لے گی
تیری ہاں تیری نا کا
جواب نہیں ہائے توبہ
ہی ہی ... ہا ہا ...
غم لے لے غم دے دے
دل لے گا دل دے گا
تیری ہاں تیری نا جواب نہیں
ہائے توبہ

مجھکو تجھ سے پیار ہے
لیکن وہ خوبصورت جواں
میں جو تیری بن جاؤں گی
تو رکھو گے مجھکو کہاں
اس دل میں نغمے ہیں ہونٹ ہیں
او بیدردی تیری مرضی ٹھکرا دے میں کون ہوں
نام اپنا میں بھول گیا ہوں
بتلا دو میں کون ہوں
سودائی ہرجائی پروانہ دیوانہ
گانا نمبر ۱۲ میرے زندگی کے چراغ کو
تیری بے رخی نے بجھا دیا
تیرے راستے کی میں خاک ہوں مجھے رنج کو نے بنا دیا
مجھے اک کبھی تیری جستجو
مجھے میں کبھی تیری آرزو
تیرے پاس لا کے نصیب نے
مجھے کتنی دور ہٹا دیا
تو وہ پھول جس میں نوا نہیں
میں وہ درد جس کی دوا نہیں
مجھے دیکھ کر یہ جو لب ہنسے
تیری آرزو نے رلا دیا
تمام شد

عملیات تسخیر محبوب عرف ہمدرد عشاق

اگر آپ کسی زہرہ جمال حسینہ کی زلف گرہ گیر میں اسیر ہو چکے ہیں۔ اور مطلب براری کی کوئی صورت نظر نہیں آتی خوشامد کرتے کرتے اور جھڑکیاں سنتے سنتے عاجز آگئے ہیں۔ تو آپ آج ہی اس نادر روزگار کتاب کو منگوا کر اس میں درج کئے ہوئے اصولوں پر چل کر کامیابی حاصل کیجئے۔ اب تک اس کتاب کی لاکھوں کاپیاں فروخت ہو چکی ہیں۔ اور ہزارہا حاجتمند اس سے فائدہ اٹھا چکے ہیں۔ آپ بھی منگا کر فائدہ اٹھائیے۔

قیمت صرف ۱/- آنہ معہ ڈاک خرچ

عملیات تسخیر عالم

اس سلسلے کی یہ دوسری لاثانی کتاب ہے جس کی تعریف احاطہ تحریر میں نہیں آسکتی۔ ایک دو نہیں سینکڑوں عملیات ہیں۔ اور ایک سے ایک لاجواب۔ کامل مصنفین بیرونی تجربوں اور باعمل عاملوں کے مصری اور انگریزی عملیات بلا بخل اس کتاب میں درج کر دیئے ہیں۔

قیمت صرف ۸/۳ معہ ڈاک خرچ